Fairfax County PUBLIC SCHOOLS
ENGAGE • INSPIRE • THRIVE

معذوری کے حامل بچے جنہیں ان کے والدین نے نجی اسکولوں میں داخل کروایا ہے، سے متعلق والدین کے لیئے معلومات

آپ کا بچہ خصوصی تعلیمی خدمات حاصل کرنے کا اہل قرار پایا ہے، البتہ، آپ فیس اور فیرفیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز(FCPS) کی طرف سے پیش کی گئ مناسب عوامی تعلیم مسترد کر رہے ہیں اور آپ نے اپنے بچے کو فیرفیکس کاؤنٹی کے ایک نجی اسکول میں داخل کروا دیا ہے۔ نجی اسکول جانے والے معذور بچے کے پاس کچھ یا وہ تمام خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات حاصل کرنے کا انفرادی حق نہیں ہوتا جو پبلک اسکول میں جانے والے بچے کے پاس ہوتا ہے۔ FCPS اس بات کا تعین کرتے ہیں کہ آپ کا بچہ آپ کی رضامندی کے ساتھ نامزد کردہ خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات حاصل کر سکتا ہے۔ نامزد کردہ اسکول کے عملے اور آپ، یعنی والدین کی طرف سے ایک انفرادی خدماتی پلان (ISP) تشکیل دیا جائے گا۔

اگر آپ کے پاس اپنے بچے کو فراہم کی جانے والی خدمات سے متعلق کوئی شکائت ہے تو آپ مندرجہ ذیل بیانات کے مطابق وہ شکائت ورجینیا کے محکمہ تعلیم کے پاس درج کروا سکتے ہیں۔ صرف اس صورت میں کہ اگر آپ کو لگے کہ FCPS آپ کے بچے کی خصوصی تشخیصی ضروریات یا تشخیصی ضروریات پر پورا اترنے میں ناکام ہوگیا ہے، آپ ایک مناسب عمل کی سماعت طلب کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کو یہ معلومات سمجھنے کیلئے معاونت کی ضرورت ہے تو براہِ مہربانی Due Process and Eligibility سے 571-423-4470 پر رابطہ کریں۔

ریاست کو کی جانے والی شکائت

جب بھی کسی فرد یا تنظیم کو یہ لگے کہ FCPS کی جانب سے والدین یا معذوری کے حامل بچوں کے حقوق کی خلاف ورزی کی گئی ہے تو ورجینیا کے محکمہ تعلیم کو ایک شکائت درج کروائی جاسکتی ہے۔ شکائت درج ذیل طریقے سے جمع کروائی جانی چاہیئے:

1. تحریری انداز میں؛
2. شکایت کنندہ کی طرف سے دستخط شدہ؛
3. یہ بیان شامل ہونا چاہیئے کہ FCPS نے معذوری کے حامل افراد کے تعلیمی ایکٹ (20 USC 1400 et seq**) یا وہ ضوابط جن کے تحت ورجینیا میں خصوصی تعلیمی پروگرام چلایا جاتا ہے، کی خلاف ورزی کی ہے؛
4. تمام متعلقہ دستاویزات کے ساتھ، ان حقائق کے بارے میں بیان شامل ہونا چاہیئے جن کو بنیاد بنا کر شکائت درج کی گئ ہے۔

شکائت موصول ہونے پر، ورجینیا کے محکمہ تعلیم کی طرف سے تحقیقات شروع کی جائیں گی جس میں اس بات کا تعین کیا جائے گا کہ آیا FCPS نے درج ذیل طریقہ کار کے مطابق قابل اطلاق قوانین اور ضوابط کی تعمیل کی ہے یا نہیں۔

- شکایت کنندہ کو، تحریری انداز میں اطلاع دی جائے گی، کہ ان کی شکائت موصول ہو چکی ہے اور FCPS کو شکائت کی ایک نقل فراہم کی جائے گی، شکائت حل کرنے کے لیئے تکنیکی معاونت کی پیشکش کی جائ گی اور اس اطلاعی خط کے موصول ہونے کے 10 دنوں کے اندر اندر ایک تحریری جواب دینے کی درخواست کی جائے گی۔
- FCPS کو شکائت موصول ہو جانے کی اطلاع دی جائے گی اور FCPS کو شکائت کی ایک نقل فراہم کی جائے گی، شکائت حل کرنے کے لیئے تکنیکی معاونت کی پیشکش کی جائ گی اور اس اطلاعی خط کے موصول ہونے کے 10 دنوں کے اندر اندر ایک تحریری جواب دینے کی درخواست کی جائے گی۔
- شکائت اور FCPS کی جانب سے دیئے گئے جواب کا جائزہ لیا جائے گا؛
- کسی بھی طرح کی مزید تحقیقات یا اصلاحی عمل کی ضرورت کا تعین کیا جائے گا؛
- حقائق اور قابل اطلاق قانون پر مبنی ہر مسئلے پر تعمیل یا عدم اطمینان کا تعین کیا جائے گا؛
- فریقین کو، تحریری انداز میں، شکائت موصول ہونے کے 60 دنوں کے اندر اندر نتائج اور اس طرح کے نتائج کی بنیاد کے بارے میں اطلاع دی جائے گی، صوائے ایسی صورت کے کہ غیرمعمولی حالات کی وجہ سے توسیع کی ضمانت دی جائے۔
- ضرورت پڑنے پر، اس بات کو یقینی بنایا جائے گا کہ تکنیکی معاونت، مذاکرات یا اصلاحی عمل کے ذریعے، حتمی فیصلہ موثر طریقے سے نافذ کیا گیا ہے۔

کسی بھی طرح کے اصلاحی عمل کی ضرورت پیش آنے کی صورت میں، FCPS کو جواب دینے اور اصلاحی عمل شروع کرنے کے لیئے 15 انتظامی دن دیئے جائیں گے۔ اصلاحی عملی پلان میں دیا گیا مناسب وقت 30 انتظامی دنوں سے تجاوز نہیں کرنا چاہیئے۔

فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز کے طالب علموں کے تعلیمی ریکارڈ سے معلومات اس شرط پر جاری کی جاتی ہیں کہ انہیں وصول کرنے والا فرد اس بات پر رضا مند ہے کہ وہ والدین یا اہل طالب علم کی رضا مندی کے بغیر، یہ معلومات کسی دوسرے فریق کی دسترس میں جانے کی اجازت نہیں دے گا۔